This question paper contains 3 printed pages. Your Roll No.................

7849

A

DIPLOMA

URDU – Paper II

Time : 3 hours Maximum Marks :100

(Write your Roll No. on the top of immediately on receipt of this question paper).

کل پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

(الف)

ابھی وہ اس کوہ مصیبت کے پاس آ کر بیٹھا ہی تھا کہ کوہِ مذکور خود بخود گھٹنا شروع ہوا۔ یہاں تک کہ گھٹتے ایک ثلث رہ گیا۔ پھر اس نے ہر شخص کو اصلی اور واجبی بوجھ اٹھا اٹھا کر دینا شروع کیا اور ایک ایک کو سمجھاتا گیا کہ نہ گھبراؤ اور بردباری کے ساتھ اٹھاؤ۔ ہر شخص لیتا تھا اور اپنے گھر کو راضی رضا مند چلا جاتا تھا۔ ساتھ ہی اس کا شکریہ ادا کرتا تھا کہ آپ کی عنایت سے مجھے اس انبارِ لا انتہا میں سے اپنا بارِ مصیبت چننا پڑا۔

(ب)

اس نیک نبی کو جس نے سینکڑوں برس اپنی قوم کے ہاتھ سے مصیبت اٹھائی اور مار پیٹ سہی۔ تیرا ہی خوبصورت چہرہ تسلی دینے والا تھا۔ وہ پہلا ناخدا جب کہ طوفان میں بہا جاتا تھا اور بجز مایوسی کے اور کچھ نظر نہیں آتا تھا تو تو ہی اس طوفان میں اس کی کشتی کھینے والی اور اس کا بیڑا پار لگانے والی تھی۔ تیرے ہی نام سے جودی پہاڑی کی چوٹی کو عزت ہے۔ زیتون کی ہر ٹہنی کو جو وفادار کبوتر کی چونچ میں وصل کے پیغام کی طرح پہنچی جو کچھ برکت ہے۔ تیری ہی بدولت ہے۔

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔

بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو ہے
پر ملی خاک میں سب سحر بیانی اس کی

پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے
رُکتی ہے مری طبع، تو ہوتی ہے رواں اور

دنیا کے ستم یاد نہ اپنی ہی وفا یاد
اب مجھ کو نہیں کچھ بھی محبت کے سوا یاد

میں ترک رہ و رسم جنوں کر ہی چُکا تھا
کیوں آگئی ایسے میں تری لغزش پا یاد

تجھے تو وعدۂ دیدار ہم سے کرنا تھا
یہ کیا کیا کہ جہاں کو امیدوار کیا

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں
لیکن اسے جتا تو دیا، جان تو گیا

اک معمّہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کا ہے کو ہے، ایک خواب ہے دیوانے کا

زندگی بھی تو پشیماں ہے یہاں لاکے مجھے
ڈھونڈتی ہے کوئی حیلہ مرے مرجانے کا

۳۔ الطاف حسین حالیؔ نے غالبؔ کے اخلاق وعادات کے بارے میں کیا تحریر کیا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

''امید کی خوشی'' کا خلاصہ لکھیے۔

۴۔ ''حقیقت حسن'' میں اقبالؔ کا کیا پیغام ہے؟ بیان کیجیے۔

یا

''شکست زنداں کا خواب'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۵۔ پریم چند کی کہانی ''روشنی'' کی خوبیاں بتایئے۔

۶۔ اردو زبان کی ابتدا پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ ''کفن'' افسانے کا تجزیہ کیجیے۔

۸۔ کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔